

روزنامہ راشٹریہ سہارا کے سینئر صحافی غلام رسول رضوی کا انتقال

لکھنؤ/ مبارکپور (ایس این بی) نگر پالیکا پریشد مبارکپور کی ہردلعزیز شخصیت اور روزنامہ راشٹریہ سہارا کے سینئر صحافی غلام رسول رضوی کا مختصر علالت کے بعد بدھ کی صبح پانچ بجے ڈاکٹر رام منوہر لوہیا اسپتال میں انتقال ہوگیا۔ ان کی عمر تقریباً 58 سال تھی۔ گزشتہ 6 مئی کو صبح انہیں پیٹ میں درد کی شکایت ہوئی تھی جس کے بعد مقامی ڈاکٹروں کو دکھایا گیا۔ مقامی ڈاکٹروں نے لکھنؤ کے ڈاکٹر رام منوہر لوہیا اسپتال میں علاج کرانے کا مشورہ دیا۔ جس کے بعد اہل خانہ فوری طور پر انہیں لوہیا اسپتال میں داخل کرایا۔ یہاں جانچ وغیرہ کے بعد معلوم ہوا کہ ان کی پین کریاز متاثر ہے۔ غلام رسول رضوی لوہیا اسپتال میں تقریباً ڈیڑھ ماہ زیر علاج رہے اور صحت میں کافی بہتری بھی ہوئی لیکن قدرت کو کچھ اور ہی منظور تھا۔ بدھ کی صبح تقریباً پانچ بجے انہوں نے داعی اجل کو لبیک کہا۔ نگر پالیکا پریشد مبارکپور کے پرانی بستی کے باشندے مرحوم غلام رسول رضوی علاقے میں حافظ جی کے نام سے مشہور تھے۔ انہوں نے الجامعۃ الاشرفیہ سے حفظ قرآن مکمل کیا تھا۔ مرحوم انتہائی نیک، صوم و صلوٰۃ کے پابند اور تہجد گزار تھے۔ وہ دینی و سماجی کاموں میں شوق سے حصہ لیتے تھے۔ صبح جیسے ہی ان کے انتقال کی خبر پھیلی لوگ تعزیت کے لئے جوق درجوق ان کے گھر کے پاس جمع ہونے لگے۔ مرحوم غلام رسول رضوی روزنامہ راشٹریہ سہارا لکھنؤ سے ابتداء سے لے کر دم آخر تک وابستہ رہے اور اپنی بے باک صحافتی خدمات انجام دیتے رہے۔ ان کے انتقال سے روزنامہ راشٹریہ سہارا کے جملہ اسٹاف کو کافی صدمہ پہنچا ہے اور اس غم کی گھڑی میں پورا عملہ مرحوم کے پسماندگان کے ساتھ کھڑا ہے۔ مرحوم کے پسماندگان میں بیوہ کے علاوہ چار بیٹے اور دو بیٹیاں ہیں۔ دو بیٹے اور ایک بیٹی شادی شدہ ہیں۔ اللہ رب العزت مرحوم کی بال بال مغفرت فرمائے اور جملہ پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ مرحوم کی تدفین بروز جمعرات صبح 9 بجے آبائی قبرستان بندرہی باغ میں ہوگی۔

تدفین آج

ایک لاکھ رشوت لیتے ہوئے لیکھ پال گرفتار

چکبندی میں نام صحیح کرانے کے لیے مانگ رہا تھا رشوت

اعظم گڑھ (ایجنسی)

اعظم گڑھ میں ایک حیران کرنے والا معاملہ سامنے آیا ہے۔ یہاں ایک لیکھ پال کو رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑ لیا گیا۔ بتایا جارہا ہے کہ وہ چک میں نام صحیح کرنے کے لیے رشوت مانگ رہا تھا۔ اس نے متاثرہ سے نام صحیح کرانے کے لیے ایک لاکھ روپئے کا مطالبہ کیا تھا۔ متاثرہ نے اس کی شکایت کرپشن بیورو سے کی۔ صدر کوتوالی علاقہ کے ہیراپٹی کے رہنے والے عبداللہ امتیاز نے چکبندی لیکھ پال اروند کمار یادو سے چکبندی میں چک صحیح کرنے کی بات کی تھی۔

لیکھ پال اروند کمار یادو نے متاثرہ عبداللہ امتیاز سے چک صحیح کرنے کی بات کی تھی۔ انھوں نے عبداللہ سے ایک لاکھ روپئے کا مطالبہ کیا تھا جس کی شکایت متاثرہ نے کرپشن بیورو سے کی۔ سب انسپکٹر برجیش ترویدی و شیام بابو کی قیادت میں ٹیم پالیسی کے تحت کیمل لگے نوٹوں کو لے کر متاثرہ لیکھ پال کے گھر پہنچی۔ ایک لاکھ روپئے کے رشوت دیتے وقت ہی ٹیم نے رنگے ہاتھ گرفتار کرلیا۔ ملزم چکبندی لیکھ پال کا حلقہ منگراواں رائے پور اعظم گڑھ ہے۔ صدر کوتوال ششی مولی پانڈے نے بتایا کہ چکبندی لیکھ پال کو رشوت لیتے وقت انٹی کرپشن ٹیم نے گرفتار کیا ہے۔ کارروائی کارروائی کر عدالت بھیجا جارہا ہے۔

مختصر خبریں

کوٹیدار کو مل رہی ہے جان سے مارنے کی دھمکی، پولیس سے شکایت

پرتاپ گڑھ (ایس این بی) کوٹیدار کو جان سے مارنے کی دھمکی مل رہی ہے جس کی شکایت اس نے پولیس سے کی ہے۔ اس کا الزام ہے کہ وہ اپنے کوٹے پر راشن کی تقسیم کررہا تھا۔ تبھی گاؤں کے کچھ شہ زور لوگوں نے اس کی مشین پھینک دی اور مارپیٹ کرنے لگے۔ مقع پر موجود گاؤں والوں کے مداخلت کے بعد معاملہ حل ہوسکا۔ ملزمان نے کوٹیدار کو جان سے مارنے کی دھمکی دی ہے۔ معلوم ہو کہ انتو تھانہ علاقہ کے محمد اپور مزرعہ ڈھیا گاؤں کا کوٹیدار نے پولیس کو شکایتی خط دیتے ہوئے الزام لگایا ہے کہ گاؤں کے جے پرکاش مشرا، سوریہ پرکاش مشرا ولد رام سمجھ مشرا اپنے دو لوگوں کے ساتھ گزشتہ 15 جون کو راشن لینے آئے تھے۔ صرف چاول لینے کے لیے ان لوگوں نے کوٹیدار کو گالیاں دینے لگے۔ مشتعل ملزمان نے کوٹیدار کی سرکاری مشین کو پھینک دی اور راشن تقسیم میں رخنہ پیدا کردیا۔ معاملہ کو بڑھتا دیکھ گاؤں والوں کے مداخلت کے بعد معاملہ حل ہوا۔ ملزمان نے کوٹیدار کو سبق سکھاتے کے لیے جان سے مارنے کی دھمکی دی ہے جس پر متاثرہ کوٹیدار نے پولیس و ایس ڈی ایم صدر سے معاملہ کی شکایت کرتے ہوئے ملزمان کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

ریلوے کا فرضی ای ٹکٹ بنانے والا گرفتار

اعظم گڑھ (ایجنسی) سب انسپکٹر ابھے کمار رائے کو اطلاع ملی کہ پھولپور کے سمبھیر پور میں ممنوعہ سافٹ ویئر سے ریلوے ٹکٹ بنایا جارہا ہے۔ انھوں نے سب انسپکٹر سنجے شکلا کے ساتھ سمبھیر پور واقع ایک 'جن سیوا کیندر' پر چھاپہ ماری کی۔ پولیس نے کیندر چلانے والے لونیاڈیہہ کے رہنے والے انکت یادو کو حراست میں لے لیا۔ وہ تین ذاتی آئی ڈی سے ممنوعہ سافٹ ویئر کا استعمال کر ای ٹکٹ بنا رہا تھا۔

ہیٹ اسٹروک سے ہاکر سمیت دو کی موت

پرتاپ گڑھ (ایس این بی) علاقہ کے شہر پنچایت ٹھکوا کے وارڈ نمبر تین نگر گاؤں میں ہیٹ اسٹروک سے دو لوگوں کی موت ہوگئی۔ متوفیوں میں اخبار ہاکر بھی شامل ہے۔ منگل کو وریندر کمار سنگھ (50) اخبار فروخت کر دوپہر میں گھر آیا تو اچانک اس کی طبیعت بگڑ گئی۔ گھر والے اسے علاج کے لیے ضلع میڈیکل کالج جونپور لے گئے جہاں پر علاج کے دوران اس کی موت ہوگئی۔ نگر گاؤں کے ہی شیام لال گپتا (75) کی حالت منگل کو بگڑی تو علاج کے لیے سی اچ سی سنگرامئو لے گئے جہاں پر منگل کی دیر شب اس کی موت ہوگئی۔ دونوں کے گھر والوں نے ابراہیم پور گھاٹ پر آخری رسوم ادا کردیا۔ پوسٹ مارٹم نہ ہونے سے یہ واضح نہیں ہوسکا کہ دونوں کی موت کس وجہ سے ہوئی ہے۔ فی الحال لوگ ہیٹ اسٹروک سے موت کی بات کہہ رہے ہیں۔

ڈی ایم کی صدارت میں ریونیو کاموں کی جائزہ میٹنگ

محکموں کو ریونیو وصولی بڑھانے کی ہدایت

جونپور (ایس این بی) ضلع مجسٹریٹ رویندر کمار منداڈ کی ہدایات کے مطابق کلکٹریٹ آڈیٹوریم میں اے ڈی ایم فائنانس اینڈ ریونیو رام اکشے بر چوہان کی صدارت میں نان ٹیکس اور ریونیو کاموں کا جائزہ میٹنگ منعقد ہوا۔ میٹنگ میں اے ڈی ایم نے ٹریڈ ٹیکس، ایکسائز، ٹرانسپورٹ، بجلی، کان کنی، وزن اور پیائش کے بارے میں تبادلہ خیال کیا، آبپاشی سمیت دیگر تمام محکموں سے ریونیو کی وصولی کے بارے میں معلومات حاصل کیں اور بجلی، تجارت، لینڈ ریونیو سمیت کم آمدنی والے محکموں کو ریونیو وصولی بڑھانے کی ہدایات دیں۔ اس کے بعد مائننگ سمیت متعلقہ محکموں کے افسران کو بڑے بقائے دار سے آرسی کی وصولی کی ہدایت کی گئی۔ اینٹی لینڈ مافیا کے تحت کی جارہی کارروائی کا جائزہ لیتے ہوئے انھوں نے ہدایت دی کہ جو بھی زمین جہاں غیر قانونی تجاوزات ہورہی ہیں متعلقہ ایس ڈی ایم اپنی سطح پر ضروری کارروائی کریں۔ انہوں نے موجود تمام افسران کو ہدایت کی کہ 5 سال پرانے مقدمات اور سیکشن 24، سیکشن 80، سیکشن 67 کو جلد از جلد نمٹایا جائے۔ نقشہ سروے کی جانچ پڑتال کے بعد اسے لاک کرنے، ہاؤسنگ الاٹمنٹ، ریئل ٹائم کھتونی، وراثت، ملکیتی اسکیم، گھریلو تقسیم وغیرہ کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا۔ میٹنگ میں سی آر او گنیش پرساد، سٹی مجسٹریٹ اندر نندن سنگھ، تمام ایس ڈی ایم اور دیگر محکموں کے افسران موجود تھے۔

جھولا چھاپ ڈاکٹروں کے خلاف محکمہ صحت سخت، چھاپہ ماری کیلئے ٹیم تشکیل

پرتاپ گڑھ (ایس این بی) جھولا چھاپ ڈاکٹروں کے خلاف محکمہ صحت نے کمر کس لی ہے۔ محکمہ نے جھولا چھاپ ڈاکٹروں پر کارروائی کے لیے ٹیم تشکیل کردی ہے۔ اب ٹیم غیر قانونی ڈاکٹروں، کلینک، نرسنگ ہوم کی جانچ کر کے کارروائی کرے گی۔ معلوم ہو کہ ضلع میں چل رہے نجی نرسنگ ہوم، کلینک و جھولا چھاپ ڈاکٹر کی چیکنگ کے لیے سی ایم او ڈاکٹر جی ایم شکلا نے ٹیم کی تشکیل کیا ہے۔ سی ایم او دفتر سے جاری خط کے مطابق نئی ٹیم میں ڈپٹی سی ایم او ڈاکٹر راجیش کمار، ڈاکٹر رام گوپال چودھری و کمپیوٹر آپریٹر اکھلیش چودھری کو شامل کیا گیا ہے۔

کرنٹ کی زد میں آنے سے نوجوان ہلاک

پھول پور، اعظم گڑھ (ایس این بی) اشوک بنواسی (19) ولد سیتارام، ساکن رنگڈ یہ گاؤں، سرائی میر تھانہ علاقے کے تیوکھر گاؤں سے بدھ کی صبح تقریباً 9:30 سرائی میر تھانہ علاقے کے اساڑھا گاؤں میں مزدوری کرنے نکلا تھا۔ صبح کام کے دوران وہ موضع تیوکھر کے قریب سڑک پر گرا ہائی وولٹیج تار کی زد میں آگیا جس کے باعث وہ جھلس کر ہلاک ہوگیا۔ اطلاع ملنے پر لواحقین میں کہرام مچ گیا۔ اطلاع ملتے ہی سرائے مر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو قبضے میں لے کر پوسٹ مارٹم ہاؤس بھجوا دیا۔ مقامی لوگوں کا کہنا ہے کہ سب اسٹیشن خاص ڈیہہ سے بجلی کی سپلائی کی گئی اور رات گئے طوفان کے باعث بجلی کی تار گرنے سے یہ حادثہ پیش آیا۔

راہل گاندھی کی سالگرہ پر خون عطیہ کیمپ

جونپور (ایس این بی) انڈین نیشنل کانگریس کے سابق صدر راہل گاندھی کی سالگرہ کے موقع پر ضلع/شہر کانگریس کمیٹی، یوتھ کانگریس، مہیلا کانگریس، سیوا دل، این ایس یو آئی اور ضلع کے تمام فرنٹل نے ضلع اسپتال میں مشترکہ طور پر خون عطیہ کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ کیمپ میں این ایس یو آئی ضلع صدر ششانک رائے انکت، شہر صدر وشال سنگھ حکم کی قیادت میں صدام، شمشاد، ششانک شیکھر تیواری، نتیش سنگھ، امن سنہا، شبیر سمیت درجنوں کارکنوں نے خون کا عطیہ دیا۔ اس موقع پر شہر صدر وشال سنگھ حکم نے کہا کہ آج ہمارے لیڈر راہل گاندھی کا 54 واں یوم پیدائش ہے۔ کروڑوں ہندوستانیوں کے ساتھ ساتھ راہل گاندھی ہندوستان کے غریب، پسماندہ اور پسماندہ شہریوں کے غیر متنازعہ لیڈر ہیں۔ بے آواز کی آواز، کمزوروں کے لیے طاقت کا ستون، ہماری آئین کے محافظ، انصاف پسند اور ہندوستان کے شاندار مستقبل کی روشن امید عوام کی خدمت کے لیے ان کی بے لوث، وقف اور پرجوش عزم ہم سب کے لیے ایک تحریک ہے اور ان کا اخلاق ہر قدم پر ہماری رہنمائی کرتا ہے۔ اس موقع پر سریندر سنگھ بابا، مفتی مہندی، سندیپ سونکر، جئے منگل یادو، راجکمار گپتا، شاہنواز منظور، عارف خان، پروین سنگھ پنٹو، نثار الہی، انکول موریہ، عادل، شیو مشرا وغیرہ موجود تھے۔

شارٹ سرکٹ سے جھاڑیوں میں لگی آگ، سڑک پر لگا جام

پرتاپ گڑھ (ایس این بی) ٹرانسفارمر سے نکلی چنگاری سے جھاڑیوں میں آگ لگ گئی۔ دیکھتے ہی دیکھتے آگ نے خطرناک رخ اختیار کرلیا۔ اس درمیان پٹی آس پور دیوسرا روڈ پر دونوں طرف گاڑیوں کی لمبی لمبی قطاریں لگ گئیں۔ تحصیل علاقہ کے ڈھانڈر گاؤں کے نزدیک پٹی آس پور دیوسرا روڈ پر لگے ٹرانسفارمر میں شارٹ سرکٹ ہونے سے بدھ کی صبح 10 بجے کے قریب چنگاری سے سڑک کنارے جھاڑیوں میں آگ لگ گئی۔ دیکھتے ہی دیکھتے آگ نے خطرناک شکل اختیار کرلیا۔ موقع پر پہنچے گاؤں والوں نے سمرسیبل ہینڈ پمپ سے پانی لاکر کسی طرح سخت مشقت کے بعد آگ پر قابو پایا تب جاکر سڑک پر آمدورفت بحال ہوسکی۔

یوگا سے جسم کی بیماریوں کو دور کرنے میں مدد ملتی ہے

یوم یوگا تقریب سے وائس چانسلر کا خطاب

جونپور (ایس این بی) بین الاقوامی یوم یوگا ہفتہ کے تحت بدھ کو شہر کے شاہی قلعہ میں ویر بہادر سنگھ پوروانچل یونیورسٹی، ضلع انتظامیہ اور سماجی خدمت تنظیموں کے تعاون کے ساتھ یوگا پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ یوگا انسٹرکٹر جئے سنگھ نے شرکاء کو یوگا کروایا۔ انہوں نے ادویات اور منشیات سے پاک زندگی گزارنے میں یوگا کے کردار کو نافذ کرنے کا حلف بھی دلایا۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر وندنا سنگھ نے کہا کہ ہم سب کو اپنی زندگی میں یوگا کو اپنانا چاہیے۔ یوگا جسم سے عوارض اور بیماریوں کو دور کرنے میں مدد کرتا ہے۔ یوگا ہمارے دماغ اور جسم دونوں کو صحت مند رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج پوری دنیا نے یوگا کی اہمیت کو سمجھا۔ وائس چانسلر نے تمام منسلک کالجوں کے منیجرز اور پرنسپلوں سے بھی اپیل کی کہ وہ یوگا کو اپنے معمول میں رکھیں۔ نوڈل افسر ڈاکٹر منوج کمار پانڈے نے بتایا کہ بدھ کو یوگا اور اس کے مختلف فوائد پر مبنی پوسٹر، مضمون اور پینٹنگ مقابلے کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر امتحانات کنٹرولر اجیت سنگھ، پروفیسر اجے دویدی، پروفیسر وکرم دیو شرما، پروفیسر گریدھر مشرا، ڈپٹی رجسٹرار ببیتا سنگھ، ڈاکٹر رسکیش، ڈاکٹر آشوتوش کمار سنگھ، ڈاکٹر ونیتا سنگھ، ڈاکٹر امریندر کمار سنگھ، ڈاکٹر وجے تیواری، ڈاکٹر انوراگ مشرا، ڈاکٹر لکشمی موریہ، راج نارائن سنگھ، ڈاکٹر وودیوت مل وغیرہ موجود تھے۔

8 لاکھ کسانوں کے کھاتے میں بھیجی گئی کسان سمان ندھی

وزیر اعظم نے جاری کی 17ویں قسط

اعظم گڑھ (ایجنسی) این ڈی اے کی نئی حکومت میں پی ایم مودی نے منگل کو ضلع کے تقریباً 8 لاکھ کسانوں کو سمان ندھی کا تحفہ دیا۔ زیادہ تر کسانوں کے کھاتے میں سمان ندھی کی چھ ہزار روپئے آنے کا میسیج آتے ہی ضلع کے کسان خوش ہوگئے۔ پی ایم مودی نے منگل کو وارانسی میں کسان سمان ندھی اسکیم کے تحت 17 ویں قسط کی رقم جاری کی۔ لوک سبھا الیکشن کے چلتے ضابطہ اخلاق نافذ ہونے پر کسان سمان ندھی اسکیم پر پابندی لگ گئی تھی۔ الیکشن کے دوران پی ایم مودی کسانوں کو سمان ندھی کے تحت دو دو ہزار روپئے دینے کی گارنٹی کو دہراتے رہے۔ این ڈی اے کی حکومت کی تشکیل کے ساتھ ہی وزارت کی توسیع کے دن ہی پی ایم مودی نے کسان سمان ندھی اسکیم پر دستخط کر پیغام دے دیا کہ کسانوں کو سمان ندھی ملتی رہے گی۔

موٹر سائیکل سوار کی سڑک کنارے گرنے سے موت

جونپور (ایس این بی) برسٹھی تھانہ علاقہ کے عالم گنج نہر کے پاس بے قابو موٹر سائیکل سوار کی گر کر موت ہوگئی۔ موت کی خبر لگتے ہی گھر والوں میں کہرام مچ گیا۔ پولیس نے لاش کو قبضے میں لے کر پنچ نامہ بھر کر پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا ہے۔ اطلاع کے مطابق پرکاش سونکر ولد ہب لال سونکر (40) جو کہ گیان پور کا رہنے والا تھا۔ وہ اپنے سسرال برسٹھی تھانہ علاقہ کے فتوہی کلاں میں سسرال آرہا تھا۔ جس کی عالم گنج نہر کے پاس موٹر سائیکل بے قابو ہوگئی جس سے وہ گھر کر سنگین طور سے زخمی ہوگیا جسے وقت سے علاج نہ ملنے پر وہ موقع پر ہی دم توڑ دیا۔ موقع پر موجود لوگوں نے 112 نمبر پولیس کو اطلاع دی۔ پولیس موقع پر پہنچ کر لاش قبضے میں لے لیا اور گھر والوں کو اطلاع دے کر پنچ نامہ کرنے کے بعد لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا۔ متوفی دہلی سے ابھی اپنے گھر پیر کو آیا تھا جو کہ آج اپنے سسرال آرہا تھا۔ متوفی پرکاش سونکر کی بیوی انجو اور اس کی پانچ سالہ بیٹی و دو بیٹے دہلی میں تھے جو اطلاع پاکر اپنے گھر آرہے ہیں۔ اس واقعہ سے گھر والوں میں کہرام مچا ہوا ہے۔

مواضعات میں زیر تعمیر تالابوں کا سی ڈی او نے کیا معائنہ

کنڈہ، پرتاپ گڑھ (ایس این بی) بابا گنج ترقیاتی بلاک کی گاؤں پنچایتوں میں چل رہے تالابوں کے کاموں کا اچانک معائنہ کرنے چیف ترقیات افسر پہنچ گئے۔ جہاں انھوں نے پہلے سے نامزد تالابوں کا معائنہ و جان پڑتال کیا۔ بابورائے جہاں پور میں بن رہے چندرودھن کے ذاتی تالاب کی جانچ کرنے کے دوران چیف ترقیات افسر نونیت سہیر اوڈی ڈی او و نومنتخب بی ڈی او بابا گنج کو متعدد خامیاں ملیں۔ جس میں تالاب کے معیار کو درکنار کر تین میٹر بڑھا دیا گیا تھا جس کی پیائش کے بعد پنچایت سکریٹری/انچارج اسسٹنٹ ترقیات افسر پربھوناتھ کی سرزنش کی۔ تالاب کو معیار کے مطابق کرنے کا حکم دیا۔ اسی سلسلہ میں مادھی گاؤں پنچایت میں بن رہے سنیل کمار کے ذاتی تالاب کی بھی جانچ کی جس میں تالاب کو معیار سے بہت زیادہ بڑھا دیا گیا تھا جس پر چیف ترقیات افسر نے گاؤں پنچایت سکریٹری سنیل سروج کو ضروری احکام دیتے ہوئے اسے دو پارٹ میں کرنے کو کہا۔ اس دوران انچارج بی ڈی او نریندر کمار یادو، اے ڈی او آئی ایس بی ہردے رام موریہ، انچارج اے ڈی او پنچایت پربھوناتھ پرساد، گاؤں ترقیات افسر سنیل سروج، سندیپ کمار سروج، سنجے چندرا سمیت دیگر افسران موجود رہے۔

یوپی میں اب اساتذہ کی منمانی پر لگے گا قدغن

سرکاری اسکولوں میں ہوگی آن لائن حاضری

اعظم گڑھ (ایس این بی) سرکاری اسکولوں میں اساتذہ کی منمانی پر اب قدغن لگے گا۔ انہیں دیے گئے ٹیب لیٹ کے لیے جلد ہی سی یو جی سم مہیا کرایا جائے گا جس سے وہ ٹیب لیٹ چالو کر سم کو چالو کریں گے۔ اس کے بعد آن لائن حاضری شروع ہوجائے گی۔ حکومت سے حکم ملتے ہی سم دینے کی پہل تیز ہوگئی ہے۔ ضلع میں 2703 پرائمری اسکول ہیں۔ گرمی کی چھٹی کے بعد اسکول کھلنے پر ہر ایک ٹیب لیٹ میں سم ہوگی اور اساتذہ ٹیب لیٹ کا استعمال تعلیمی کام کے لیے کریں گے۔ بی ایس اے سمیر نے بتایا کہ سی یو جی سم کے لیے کمپنیوں سے تجویز مانگی گئی ہے۔ اساتذہ کو جلد ہی سم مہیا کرادیا جائے گا۔ گرمی کی چھٹی ختم ہونے سے قبل مہیا کرانے کی کوشش کی جارہی ہے۔

بیوی پر لگایا زہر دے کر مارنے کا الزام، ایس پی سے شکایت

پرتاپ گڑھ (ایس این بی) بیوی کے ذریعہ زہر دے کر جان سے مارنے کا الزام لگاتے ہوئے متاثرہ نے ایس پی سے انصاف کی اپیل کی ہے۔ ایس پی نے تھانہ انچارج ادے پور کو جانچ کر ضروری کارروائی کے احکام دیے ہیں۔ ادے پور تھانہ کے دھور بیٹ اچھاپور کے رہنے والے اشوک ورما ولد پریم لال ورما کا الزام ہے کہ اس کی بیوی نے خود کے ساتھ عشق کے چلتے 8 مئی کی شب جان سے مارنے کی نیت سے کولڈ ڈرنگ میں زہر ملاکر اسے پلادیا جس سے اس کی حالت بگڑ گئی۔ اطلاع ملتے ہی آناً فاناً میں گھر والے اسے علاج کے لیے اسپتال میں داخل کرایا۔ ٹراما سینٹر لکھنؤ میں علاج سے اس کی جان بچ گئی۔ متاثرہ نے بیوی و دو دیگر سمیت تین کے خلاف کارروائی کرنے کی اپیل کی ہے۔ ایس او ادے پور رادھے بابو کا کہنا ہے کہ واقعہ کی جانچ کے بعد سچائی سامنے آنے پر مناسب کارروائی کی جائے گی۔

ٹرک نے موٹر سائیکل میں ماری ٹکر، خاتون کی موت

Indane
Speed
40km
UP32H
M2049

پرتاپ گڑھ (ایس این بی) پورب گاؤں سے سلنڈر اتار کر جارہا ٹرک نے موٹر سائیکل میں پیچھے سے ٹکر ماردی جس سے موٹر سائیکل سوار خاتون کی موت ہوگئی اور موٹر سائیکل چلارہا شخص زخمی ہوگیا۔ انتو تھانہ علاقہ کے چھترپور گاؤں سبھا کے ہری لال دوبے کا پروا کے رہنے والے صادق علی بدھ کو اپنی بہن رضیا بیگم ساکن ملتانی پور تھانہ لیلاپور کو اس کے گھر سے اپنے موٹر سائیکل پر بیٹھا کر اپنے گھر چھترپور واپس آرہا تھا جب وہ انتو تھانہ علاقہ کے بنڈا کھٹار گاؤں واقع پرائمری اسکول کے پاس پہنچا تبھی پیچھے سے پورب گاؤں واقع گیس ایجنسی پر سلنڈر اتار کر آرہا ٹرک نے موٹر سائیکل میں پیچھے سے ٹکر ماردیا۔ ٹکر کے چلتے رضیا بیگم نیچے گر کر ٹرک کی زد میں آگئی جس کے چلتے اس کی موت ہوگئی۔ موٹر سائیکل چلارہا ان کا بھائی صادق بھی زخمی ہوگیا۔ اطلاع پر پہنچی انتو پولیس نے ٹرک کو اپنے قبضے میں لے کر رضیا بیگم کے لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے ضلع ہیڈ کوارٹر بھیج دیا ہے۔ رضیا بیگم کی موت سے گھر والوں کا رو رو کر برا حال ہوگیا ہے۔